اکتوبر 2022

# آزاد مضبوط معیشت

BUILDING A NEW SCOTLAND

## خلاصہ

آزاد مضبوط معیشت کے لیے اسکاٹش حکومت کی تجاویز کا یہ ایک خلاصہ ہے۔ تجاویز کی مزید تفصیلات اور ان کو مطلع کرنے والی دستاویز کی رینج مکمل اشاعت میں مذکور ہیں۔

### برطانوی معیشت اسکاٹ لینڈ کے لئے کام نہیں کر رہی ہے

برطانوی معیشت میں کم پیداوار، مستحکم اجرت، عدم مساوات اور غربت کی اعلی ترین شرح موجود ہے۔

برطانوی معیشت کی سرگرمیاں لندن اور انگلینڈ کے جنوب مشرقی علاقوں میں مرکوز ہیں، جس سے برطانیہ کے دیگر حصوں بشمول اسکاٹ لینڈ کو نقصان پہنچ رہا ہے۔

برطانیہ تیزی سے الگ تھلگ ہوتا جا رہا ہے۔ ہمیں طویل عرصہ تک، مکمل اور آزادانہ رسائی حاصل ہونے والی ایک بڑی یورپی سنگل مارکیٹ کے ضیاع سے اسکاٹ لینڈ کی معیشت پر منفی اثر پڑا ہے، اور یہ اثر سنگین ہوسکتا ہے۔

حالانکہ اسکاٹ لینڈ نے بھاری اکثریت سے یورپی یونین (EU) میں بقاء کے لئے ووٹ دیا، لیکن ہم بریگزٹ کو نہیں روک سکے۔

برطانیہ کی موجودہ حکومت کی پالیسیوں کی وجہ سے بڑے اقتصادی چیلنجز بدتر ہوتے جا رہے ہیں جیسے مہنگائی اور مصارف زندگی کا بحران۔ عدم استحکام اور غیر یقینی صورتحال میں اضافہ ہو رہا ہے اور مالیاتی مارکیٹ ویسٹ منسٹر کی معاشی قابلیت پر سوال اٹھا رہی ہیں۔

مزید کیا ہے، جیسا کہ بلڈنگ اے نیو اسکاٹ لینڈ سیریز کے پہلے دستاویز سے پتہ چلتا ہے کہ اسکاٹ لینڈ کی بہ نسبت آزاد یورپی ممالک برطانیہ کے مقابلے زیادہ خوش، دولت مند، اور انصاف پسند ہیں۔ وہ دنیا کی کامیاب ترین معیشتوں میں شمار ہوتے ہیں۔

### اسکاٹ لینڈ کی معیشت میں زبردست صلاحیت ہے

اسکاٹ لینڈ کے پاس زبردست معاشی طاقت ہے۔ ہمارے پاس ہنر مند افراد، متحرک کاروبار اور قدرتی وسائل موجود ہیں جن کی مدد سے ہم یورپی آزاد ممالک کی طرح کامیاب ہو سکتے ہیں۔

اسکاٹ لینڈ کی معیشت پہلے سے ہی برطانیہ میں بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والی معیشت رہی ہے۔ لندن اور انگلینڈ کے جنوب مشرقی علاقوں کے علاوہ، ہماری فی کس آمدنی برطانیہ کے ترقی یافتہ ممالک یا علاقوں میں سب سے زیادہ ہے۔

Scottish Government
Riaghaltas na h-Alba

ہمارے پاس وافر قدرتی وسائل ہیں، اسکاٹ لینڈ کو گرین ترقی کی صلاحیت اور مواقع کے حوالے سے برطانیہ کے ممالک اور علاقوں میں پہلا درجہ حاصل ہے۔

ہم ایک اعلیٰ تعلیم یافتہ اور ہنر مند ملک ہیں، جس میں عالمی معیار کی یونیورسٹیاں ہیں اور ہماری آبادی کا زیادہ حصہ یونیورسٹی یا کالج کی تعلیم کے ساتھ برطانیہ یا یورپی یونین سے کہیں زیادہ ہے۔

ہمارے کھانے پینے کا شعبہ ایک بہت بڑی کامیابی ہے، جس نے 2019 میں اسکاٹ لینڈ میں 122,000 ملازمتیں فراہم کی اور معیشت میں £ 5.8 بلین کا اضافہ کیا۔ اسکاچ وہسکی برطانیہ کا سب سے بڑا مشروب برآمد ہے، جب کہ اسکاٹش سالمن برطانیہ کی سب سے بڑی خوراک کی برآمد ہے۔

اور ہمیں مصنوعی ذہانت اور سائبر سیکورٹی سمیت ڈیجیٹل ٹیکنالوجی جیسی صنعتوں میں کلیدی مہارت حاصل ہے۔

اسکاٹ لینڈ کی حکومت کے پاس آزادانہ اسکاٹ لینڈ کی معیشت کو مضبوط اور بہتر بنانے کا منصوبہ ہے۔ وہ منصوبہ درج ذیل ہے۔

## آزاد اسکاٹ لینڈ اس وقت تک پاؤنڈ اسٹرلنگ کا استعمال کرے گا، جب تک کہ اسکاٹش پاؤنڈ کو متعارف کرانے کا صحیح وقت نہ آجائے

جیسے ہی قابل عمل ہوگا، اسکاٹ لینڈ اپنی خود مختار کرنسی، اسکاٹش پاؤنڈ کو اپنا لے گا۔

اس وقت تک، پونڈ اسٹرلنگ سکاٹ لینڈ کی کرنسی رہے گی۔ جو لوگ اسکاٹ لینڈ میں رہتے ہیں ان کی ادائیگی اسٹرلنگ میں ہوتی رہے گی، ان کی پنشن اسٹرلنگ میں ملتی رہے گی اور اسٹرلنگ میں سامان اور سروسز خریدیں گے۔ کاروبار اسٹرلنگ میں چلتے رہیں گے۔

اسکاٹش پارلیمنٹ کے حتمی فیصلے کے ساتھ اسکاٹش سنٹرل بینک اس بارے میں مشورہ دے گا کہ ایک نئے خود مختار اسکاٹش پاونڈ کو کب متعارف کرایا جانا چاہئے۔

اسکاٹش پاؤنڈ کے متعارف ہونے کے بعد، اسکاٹش سنٹرل بینک کے رول کو نئی کرنسی کو منظم کرنے کے لئے بڑھایا جائے گا۔ بینک کی توجہ مالی استحکام کو یقینی بنانے پر مرکوز رہے گی۔

## آزاد اسکاٹ لینڈ کے مالی معاملات کا انتظام ذمہ داری سے کیا جائے گا

اس بات کو یقینی بنانے کے لئے نئے ادارے قائم کئے جائیں گے کہ ایک آزاد اسکاٹ لینڈ کے پاس پائیدار عوامی مالیات موجود ہوں۔

اسکاٹ لینڈ ان اثاثوں کو مدنظر رکھتے ہوئے جس کا اسکاٹ لینڈ حقدار ہے، برطانوی قرض کا ایک ضروری حصہ ادا کرنے پر اتفاق کرے گا۔

## سرمایہ کاری آزاد اسکاٹ لینڈ کو مضبوط ترین آغاز فراہم کرے گی

یہ اسکاٹش حکومت آزادی کی پہلی دہائی کے دوران £ 20 بلین تک کی سرمایہ کاری کے لئے بلڈنگ اے نیو سکاٹ لینڈ فنڈ قائم کرے گی۔ اس فنڈ سے اسکاٹش معیشت میں دیگر غیر متوقع آمدنی کے ساتھ ساتھ تیل اور گیس سے حاصل ہونے والی آمدنیوں میں دوبارہ سرمایہ کاری کی جائے گی۔

اس فنڈ سے انفراسٹرکچر کے بڑے منصوبوں میں سرمایہ کاری کی جائے گی۔ ان میں موسمیاتی تبدیلیوں سے نمٹنا، معیشت کو بہتر انداز میں ترقی دینے میں مدد، اور سستے مکانات کی تعمیر جیسے منصوبے شامل ہیں۔

## یورپی یونین (EU) میں دوبارہ شمولیت سے اسکاٹ لینڈ کی عوام اور ہماری معیشت کو فائدہ ہوگا

اس اسکاٹش حکومت کی تجویز ہے کہ اسکاٹ لینڈ کو دوبارہ یورپی یونین (EU) میں شمولیت کے لئے درخواست دینی چاہیے۔ اس سے اسکاٹش شہریوں کے یورپی یونین (EU) میں آزادانہ نقل و حرکت کا حق بحال ہو جائے گا۔

کامن ٹریول ایریا نامی نظام کے تحت، اسکاٹ لینڈ کے لوگ برطانیہ، آئرلینڈ، چینل آئی لینڈز اور آئزل آف مین کے اندر بھی آزادانہ طور پر نقل و حرکت کر سکیں گے۔

یورپی یونین (EU) کی رکنیت کے فوائد کاروباری، خاص طور پر برآمد کنندگان کو حاصل ہوں گے۔ انہیں یورپی سنگل مارکیٹ تک رسائی حاصل ہوگی جو کہ آبادی کے اعتبار سے برطانیہ کے حجم سے سات گنا زیادہ ہے۔ بطور رکن ریاست، ہم یورپی یونین (EU) کے موجودہ تجارتی معاہدوں اور فائدہ مند شرائط پر نئے تجارتی سودوں پر گفت و شنید کرنے کی صلاحیت سے فائدہ اٹھا سکیں گے۔

سنگل مارکیٹ میں ہماری جگہ کے تحفظ کے لئے، اسکاٹ لینڈ اور برطانیہ کے درمیان سامان کی جانچ پڑتال کی جائے گی، لیکن اسکاٹ لینڈ اور یورپی یونین (EU) کے دیگر 27 ممالک کے درمیان یہ پابندی ہٹا دی جائے گی۔

برطانیہ کے بریگزٹ معاہدے کے تحت،برطانیہ کے اندر منتقل ہونے والے کچھ سامان کی جانچ پہلے سے ہوتی ہے: وہ جو شمالی آئرلینڈ آتے اور جاتے ہیں۔ اسکاٹ لینڈ کے یورپی یونین کے حصے کے طور پر، سامان کی منتقلی اسکاٹ لینڈ اور شمالی آئرلینڈ کے درمیان آزادانہ طور پر ہوسکے گی۔

اسکاٹش حکومت آسان تجارت کے لئے براہِ راست عملی تعاون فراہم کرے گی۔

## متعدد معاشی انتخاب اسکاٹ لینڈ کو زیادہ منصفانہ، سرسبز اور خوشحال بنا سکتے ہیں

اسکاٹ لینڈ سے موازنہ کرنے والے آزاد یورپی ممالک کے تجربے سے پتہ چلتا ہے کہ ایک متحرک معیشت اور سماجی انصاف ساتھ ساتھ چل سکتے ہیں۔ ان میں سے ہر ایک دوسرے کو مزید مضبوط بنا سکتا ہے۔

**اسکاٹ لینڈ کے قابل تجدید توانائی کے بے پناہ وسائل ہماری نئی معیشت کے لئے کلید ثابت ہوں گے،** جس سے گھروں اور کاروبار کو قابل اعتماد کم لاگت اور کم کاربن والی توانائی مل سکے گي۔ مثال کے طور پر، اسکاٹ لینڈ کی سمندر میں ہوا کی وسیع صلاحیت نہ صرف اسکاٹ لینڈ کے لئے بلکہ برطانیہ اور یورپ کو برآمد کرنے کے لئے بھی قابل تجدید بجلی فراہم کر سکتی ہے۔

**امیگریشن کے نئے نظام سے سکاٹ لینڈ کو فائدہ ہوگا۔** آزاد اسکاٹ لینڈ برطانیہ کے مخالف ماحول کو چھوڑ کر کام کرنے والی عمر کے لوگوں اور ان کے اہل خانہ کو یہاں رہنے کے لئے راغب کر سکتا ہے۔ اس سے ہنر اور مطلوبہ افراد کو تلاش کرنے میں کاروباریوں کو مدد ملے گی اور یہ اسکاٹ لینڈ کے ان علاقوں کی بھی مدد کریں گے جنہیں آبادی کا خطرہ درپیش ہے۔

**کام کرنے کے لیے ایک نیا نقطہ نظر ایک متحرک معیشت اور ایک منصفانہ معاشرہ دونوں کی تعمیر کا کلیدی حصہ ہو گا۔ اس اسکاٹش حکومت نے قومی کم از کم اجرت کی ایک ہی شرح تجویز کی ہے** - جو کہ زندگی گزارنے کی لاگت کو بہتر انداز میں بتاتی ہے - جبکہ کم عمر کارکنوں کے لئے کم شرح کی کوئی تجویز نہیں ہے۔ لچکدار کام کرنے تک رسائی کو بہتر بنایا جائے گا، کام کی جگہ کے حقوق کو تقویت دی جائے گی، اور صنعتی تعلقات کو بہتر بنانے کے لئے پہلے اقدام کے طور پر غیر منصفانہ لیبر قوانین کو واپس لیا جائے گا۔

## اختتام

اسکاٹش حکومت کا ماننا ہے کہ ہمیں ایک مختلف مستقبل کا انتخاب کرنے کی ضرورت ہے۔

اگر اسکاٹ لینڈ آزاد ہو جاتا ہے، تو ہم حالیہ اور آنے والی نسلوں کے لئے ایک ساتھ مل کر ایک مضبوط معیشت — اور ایک زیادہ انصاف پسند معاشرے کی تعمیر کر سکتے ہیں۔

© The Scottish Government 2022
اسکاٹش حکومت کی طرف سے اکتوبر 2022 کو شائع کیا گیا

APS Group Scotland, 21 Tennant Street، ایڈنبرا کی طرف سے اسکاٹش حکومت کے لیے پیش کیا گیا
EH6 5NA PPDAS1142942 (10/22)